روزنامہ (ٹیلی فون نمبر 047-6213029) FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعرات 5 راگست 2010ء 23 شعبان 1431 ہجری 5 ظہور 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 164

جو اللہ چاہے

حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

یہ نہ کہو کہ جو اللہ چاہے اور جو محمدؐ چاہے بلکہ یہ کہا کرو کہ جو صرف اللہ وحدہ لاشریک چاہے۔

(مشکوٰۃ کتاب الاسامی الفصل الثانی)

44 ویں جلسہ سالانہ برطانیہ سے حضور انور ایدہ اللہ کا افتتاحی خطاب مورخہ 30 جولائی 2010ء

اللہ کرے کہ ہر احمدی تقویٰ اور اللہ کے خشوع میں ترقی کرے

ان جلسوں کا مقصد پاک تبدیلیاں پیدا کرنا اور خدا کا قرب حاصل کرنا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے افتتاحی خطاب کا خلاصہ بمقام حدیقۃ المہدی ہمپشائر لندن

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 30 جولائی کو پاکستانی وقت کے مطابق 8:40 بجے شب جلسہ گاہ حدیقۃ المہدی ہمپشائر لندن تشریف لائے۔ حضور انور نے لوائے احمدیت لہرایا۔ جبکہ محترم رفیق احمد حیات صاحب امیر یو۔کے نے برطانیہ کا جھنڈا لہرایا۔ اس کے بعد حضور انور نے اجتماعی دعا کروائی۔ حضور انور پنڈال میں سٹیج پر آکر تشریف فرما ہوئے۔ کچھ دیر احباب کے جلسہ گاہ میں پہنچنے کا انتظار فرمایا اور پھر 44ویں جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء کے افتتاحی اجلاس کا آغاز مکرم فیروز عالم صاحب کی تلاوت قرآن کریم اور ترجمہ سے ہوا۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد مکرم عصمت اللہ صاحب نے حضرت مسیح کا منظوم کلام ترنم سے پڑھا۔ ع

ہمیں اس یار سے تقویٰ عطا ہے

ازاں بعد سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے افتتاحی خطاب فرمایا یہ تمام تقریب ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ براہ راست نشر کی گئی اور عالمگیر جماعت احمدیہ کے کروڑوں افراد نے اس سے استفادہ کیا۔

حضور انور نے خطاب کے آغاز میں فرمایا آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ برطانیہ کا 44واں جلسہ سالانہ کا آغاز ہو رہا ہے۔ اس جلسہ کے عظیم الشان مقاصد ہیں۔ جن کے لئے حضرت مسیح موعود نے اس جلسہ کا آغاز کیا تھا وہ اہم مقصد جو ان جلسہ ہائے سالانہ کی اصل ہے یہ ہے کہ ہر احمدی اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرتے ہوئے خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرے۔ سچا عبد بنے۔ نیک بندہ بنے۔ صرف خدائے واحد کا خوف دل میں پیدا ہو۔ مقصد پیدائش کو پورا کرنے والا ہو۔ حضرت مسیح موعود نے شاملین جلسہ کے لئے جو دعائیں کی ہیں ان میں بھی یہی دعا ہے کہ خدا تعالیٰ کا خوف دنیا کے تمام خوفوں سے زیادہ ہو اور خدا کی محبت کے سامنے سب چیزیں ہیچ ہو جائیں۔

حضور انور نے فرمایا شیطان ایمانداروں کو جان مال عزت کے نقصان کا خوف دلاتا ہے کہ اس طرح یہ ایمان سے ہٹ جائیں۔ لیکن خدا تعالیٰ کے فضل سے مومنین ان نقصانات سے خوفزدہ ہو کر پیچھے نہیں ہٹتے۔ 28 مئی 2010ء کو لاہور میں ہونے والے دردناک واقعات کے بعد یہ خوشکن اطلاعیں بھی ملی ہیں اور احمدیوں نے مجھے لکھا کہ ہمارے تو خوف اور ڈر دور ہوگئے ہیں اور خدا تعالیٰ کی طرف توجہ زیادہ ہوئی ہے۔ باجماعت نمازوں کا شوق پیدا ہوا ہے۔ چنانچہ ان واقعات نے احمدیوں کو خدا تعالیٰ سے زیادہ قریب کر دیا ہے۔ ان واقعات نے ان کے ایمانوں کو مزید صیقل کر دیا ہے۔ ایمان میں مضبوطی پیدا ہوئی ہے۔ نیکیوں اور تقویٰ میں آگے بڑھے ہیں۔ قربانی کے معیار بڑھانے کی طرف توجہ ہوئی ہے اور انشاء اللہ یہ جلسہ بھی حالتوں کو بدلنے، پاک تبدیلیاں پیدا کرنے اور تقویٰ میں آگے بڑھنے کا باعث بنے گا اور پرہیزگاری کا ذریعہ بنے گا یہی مقصد پیدائش انسانی ہے۔ اللہ کرے کہ ہر احمدی تقویٰ اور اللہ کے خشوع میں ترقی کرے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جب مخالف نقصان پہنچانے کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں تو مومنین یہی کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے لئے کافی ہے اور وہ بہت ہی اچھا کارساز اور وکیل ہے۔ یہ جتھے اور یہ چالیں مومنین کو تعلق باللہ، دعاؤں، توبہ اور خدا کے عرفان میں بڑھاتی ہیں اور سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر دشمن کے حملے کو ناکام کر دیتے ہیں اور اجتماعی عبادتوں اور دعاؤں سے ایسا کاری حملہ کرتے ہیں کہ دشمن کی صفوں کو تتر بتر کر دیتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کی محبت کو جذب کرتے ہیں اور ان کا ایمان بڑھتا ہے۔

حضور انور نے حضرت مسیح موعود کا ایک حوالہ پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ حقیقی شجاعت صبر اور ثابت قدمی ہے اور یہ صبر اور ثابت قدمی دکھانے کا موقع تو اسی وقت ملتا ہے جب دشمن خوفزدہ کرنے کے عملی اقدامات کرتا ہے۔ پھر اس موقع پر بہادری اور بغیر خوف کے ان کا سامنا کرتے ہیں۔ کتنے عظیم ہیں وہ مومنین جنہوں نے صبر و استقامت کے اعلیٰ نمونے دکھائے۔ کیونکہ وہ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ آفرین ہے ان ماں، باپ، بھائی، بہن اور بچوں پر جنہوں نے صبر سے اسے برداشت کیا اور استقامت دکھائی۔ خدا تعالیٰ ان کو اجر دے۔ اگر جماعت اسی طرح صبر اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کرتی رہے گی، خدا کی رضا مقدم رکھے گی اور خدا کا خوف قائم رکھے گی تو جماعت ہمیشہ ہر قسم کے ابتلاؤں سے سرخرو ہو کر آگے سے آگے نکلتی جائے گی اور جماعت کی ترقی کبھی نہیں رکے گی۔ یہ ابتلاء تو جماعتی ترقی کے نئے اہداف مقرر کرنے کے لئے آتے

باقی صفحہ 2 پر

داخلہ مدرسۃ الظفر

مدرسۃ الظفر وقف جدید میں داخلہ کیلئے تحریری ٹیسٹ مورخہ 26 راگست 2010ء بوقت 8:00 بجے صبح ہوگا۔

تحریری امتحان میں کامیاب امیدواران کا انٹرویو اسی روز شروع کر دیا جائے گا۔

تحریری ٹیسٹ میں شمولیت کیلئے ٹیسٹ سے ایک روز قبل تک درج ذیل اشیاء دفتر میں جمع کروانا لازمی ہے۔ اس کے بغیر امیدوار کو شامل نہیں کیا جائے گا رزلٹ کارڈ/ سند کی فوٹو کاپی، امیدوار کی ایک تازہ پاسپورٹ سائز تصویر اور صدر صاحب جماعت کی تصدیقی چٹھی۔

تحریری ٹیسٹ کے لئے امیدواران کی فہرست مورخہ 26 راگست کو صبح 7:00 بجے دفتر وقف جدید میں آویزاں کر دی جائے گی۔

انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواران اپنی اصل سند/ رزلٹ کارڈ ہمراہ لائیں۔

(ناظم ارشاد وقف جدید)

سیلاب زدگان کیلئے درخواست دعا

آج کل ملک کے بعض علاقوں میں شدید سیلاب آیا ہوا ہے۔ بہت سارے احمدی گھرانے بھی متاثر ہوئے ہیں۔ احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام احمدیوں کو محض اپنے فضل سے ہر قسم کی مصیبت اور تکلیف سے محفوظ رکھے۔ آمین

احباب جماعت محتاط رہیں

مکرم محمد اکرم صاحب ولد مکرم بشیر احمد صاحب سکنہ عبدالحکیم ضلع خانیوال نے چک نمبر 575 گ۔ب ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ سے بیعت کی تھی۔ اب معلوم ہوا ہے کہ وہ متعدد لوگوں سے فراڈ کے ذریعہ بھاری رقوم ہتھیا چکا ہے۔ احباب محتاط رہیں۔

(ناظر امور عامہ)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

7/اگست 2010ء

1:35 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 6/اگست 2010ء
2:35 am	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء دوسرے دن کی کارروائی
5:05 am	ایم ٹی اے عالمی خبریں، تلاوت، درس حدیث اور بین الاقوامی جماعتی خبریں
6:15 am	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء دوسرے دن کی کارروائی
7:55 am	ایم ٹی اے عالمی خبریں اور خبرنامہ
8:25 am	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء پہلے دن کی کارروائی
9:55 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 6/اگست 2010ء
11:00 am	تلاوت
11:10 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 6/اگست 2010ء
12:20 pm	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء دوسرے دن کی کارروائی
3:10 pm	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء دوسرے دن کی کارروائی۔ لجنہ سے خواتین
4:55 pm	تلاوت اور بین الاقوامی جماعتی خبریں
5:35 pm	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء دوسرے دن کی کارروائی
7:35 pm	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء خطاب حضور انور
10:05 pm	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء دوسرے دن کی کارروائی
11:10 pm	ایم ٹی اے عالمی خبریں
11:30 pm	عربی سروس Live

8/اگست 2010ء

1:30 am	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء دوسرے دن کی کارروائی
4:00 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 6/اگست 2010ء
5:15 am	ایم ٹی اے عالمی خبریں اور تلاوت
5:40 am	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء دوسرے دن کی کارروائی خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ
9:50 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 6/اگست 2010ء
11:00 am	تلاوت
11:35 am	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء تیسرے دن کی کارروائی
1:25 pm	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء تیسرے دن کی کارروائی خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ
4:15 pm	خلافت کی برکات
5:05 pm	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء تیسرے دن کی کارروائی بشمول عالمی بیعت
9:45 pm	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء تیسرے دن کی کارروائی
11:30 pm	عربی سروس Live

9/اگست 2010ء

1:35 am	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء تیسرے دن کی کارروائی خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ
5:00 am	جلسہ سالانہ برطانیہ 2010ء
11:00 am	تلاوت، درس حدیث اور بین الاقوامی جماعتی خبریں
1:10 pm	سیرت النبی ﷺ
2:05 pm	فرنچ سروس
3:05 pm	انڈونیشین سروس
7:05 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 24 جولائی 2009ء
8:15 pm	تقاریر جلسہ سالانہ اور خبرنامہ
9:20 pm	گلشن وقف نو
10:25 pm	فرنچ کلاس
11:00 pm	ایم ٹی اے عالمی خبریں اور عربی سروس

نزول وحی کی کیفیات

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ حارث بن ہشام نے حضور ﷺ سے پوچھا کہ آپ کے پاس وحی کس طرح آتی ہے۔ فرمایا:

کبھی تو میرے پاس وحی گھنٹی کی جھنکار کی طرح آتی ہے۔ اور وحی کی یہ طرز مجھ پر سخت ترین ہوتی ہے۔ پھر بعد اس کے کہ میں اس کا کلام خوب محفوظ کر چکا ہوتا ہوں یہ آواز مجھ سے جدا ہو جاتی ہے۔ اور کبھی کوئی فرشتہ میرے پاس انسان کی صورت اختیار کر کے آتا ہے اور مجھ سے کلام کرتا ہے سو میں اس کی بات کو بھی محفوظ کر لیتا ہوں۔

(صحیح بخاری کتاب بدء الوحی حدیث نمبر 2)

بقیہ صفحہ 1 افتتاحی خطاب کا خلاصہ

بجائے خدا کی طرف جھکتے ہیں تو خدا ان کو نوازتا ہے۔ ان کی تکلیفیں آرام اور بے چینیاں، اطمینان میں بدلتی ہیں اور فتوحات کے دروازے کھولے جاتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں مصیبتوں کا برا نہیں منانا چاہئے تکلیف پر خدا کی رضا طلب کریں۔ مصیبت کے وقت محبت کا چشمہ جاری ہو جانا چاہئے۔ جب ایسے موقع پر مومن دعا کرتا ہے تو وہ دعا قبول کرتا ہے۔ جس طرح لڑکی کے جو ہر سسرال میں جا کر کھلتے ہیں۔ اسی طرح مومن تکالیف اور مصائب میں خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ کا خوف کسی ڈر کی وجہ سے نہیں ہوتا بلکہ محبت کی وجہ سے ہوتا ہے کہ اس بات سے میرا محبوب خدا مجھ سے دور نہ ہو جائے۔ یہی مومنین کی نشانی ہے کہ اشد حبا للہ کہ اللہ کی محبت ہر دوسری محبت سے شدید ہوتی ہے اور ہر چیز کو خدا کے لئے قربان کر دیتے ہیں۔ سچی توبہ پر قائم رہنا چاہئے۔ کسی دوسرے خوف کو محبت پر حاوی نہیں ہونے دینا چاہئے۔ توبہ سے انسان کو نئی زندگی ملتی ہے۔ اس کے ثمرات نیک اعمال ہیں۔ جب خدا کا خوف ہو تو عمل صالح، تقویٰ، پرہیزگاری اور بھائی چارے کی روح پیدا ہوتی ہے۔ اسی کے متعلق حضرت مصلح موعود نے خدا کی محبت اور عبادت کے دو درجے بیان فرمائے ہیں۔ نمبر 1 یہ کہ خدا سے ڈرے جو اس کا حق ہے۔ یعنی پاکیزگی کے چشمے کے لئے اس کی طرف جائے۔ دوسرا یہ کہ حقیقی محبت خدا سے پیدا ہو جائے۔ یعنی خوف اور محبت دونوں اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ جتنا خدا کا خوف پیدا ہوگا اسی قدر محبت غالب آئے گی اور جتنی محبت بڑھے گی اتنی گناہوں بدیوں سے دوری ہوگی۔ نعمتوں اور احسانوں کو یاد کرو گے اور اس کی طرف جھکو گے اسی قدر مزید انعامات ملیں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جب انسان خدا کو محبوب بنا کر محبت میں کمال کو پہنچ جاتا ہے تو پھر خدا کی نظر میں محبّ بن جاتا ہے اور اس کیفیت کا کمال حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو حاصل ہوا۔ آپ نے قرب خداوندی حاصل کر لیا۔ آپ کا اوڑھنا، بچھونا، اٹھنا، بیٹھنا، عبادتیں اور قربانیاں سب خدا کی خاطر تھیں۔ یہاں تک خدا کے محبوب بنے اور قرآن کریم میں رہتی دنیا تک خدا تعالیٰ نے اپنے قرب کے لئے آپ کی اطاعت اور پیروی کو شرط قرار دے دیا۔ یہ اس لئے ہوا کہ خدا کے ذکر سے کبھی آپ کی زبان نہ تھکی۔ نماز آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنی اور آپ ہمیشہ یہ دعا کرتے رہتے کہ خدا مجھے ذکر اور شکر کرنے والا بنا دے۔ رونگٹے کھڑے کر دینے والا مصائب وشدائد میں بھی آپ کی قربانی کے معیار بڑھے صرف یہی نہیں بلکہ آپ نے صحابہ کی وہ جماعت پیدا کر دی جن کی زبانیں ذکر الٰہی سے تر رہتیں۔ ان کی راتیں عبادتوں سے زندہ رہتیں، خود بھی زندہ ہو گئے اور دوسروں کو بھی زندہ کر دیا اور ہمیشہ کے لئے محبت کی اعلیٰ اور قابل تقلید مثالیں قائم کر گئے۔

حضور انور نے فرمایا ابتلاؤں کے موقع پر خدا تعالیٰ نے ہی ہمیشہ نجات دی۔ پاک وجود پیدا کئے اور عبادتوں اور قربانیوں میں آگے بڑھنے والے مخلصین پیدا کئے۔ جرأت، بہادری اور عبادت کا شوق صرف خدا کے فضل سے ملتے ہیں۔ لاہور کے واقعہ میں قربان ہونے والوں میں ہر طبقے کے لوگ شامل تھے۔ اسی طرح یہ ثابت ہوا کہ احمدیت کے ہر طبقے میں خدا کے حضور قربانی کرنے والے موجود ہیں۔ ہر طبقے میں خدا کا خوف، تقویٰ، پرہیزگاری، حسن خلق اور نیکی کرنے والے لوگ موجود ہیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ یہ جاں نثار تو قربانی کر کے اپنے اجر کو پا گئے۔ لیکن ان کی قربانیاں یہ مطالبہ کرتی ہیں کہ ہم اپنے پیدا کرنے والے خدا سے کبھی بے وفائی نہ کریں۔

حضور انور نے فرمایا کہ جلسہ سالانہ کے ان تین دنوں سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ ذکر الٰہی، درود شریف، باجماعت نمازوں، تہجد اور نوافل میں وقت گزاریں۔ ہمیشہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل کے نعرہ کو یاد رکھیں اور حضرت مسیح موعود کا یہ شعر یاد رکھیں کہ

عدو جب بڑھ گیا شور و فغاں میں
نہاں ہم ہو گئے یار نہاں میں

پس آج ہماری کامیابی کا راز اسی میں ہے کہ دعاؤں، عبادتوں اور ذکر الٰہی پر بہت زور دیں۔ دعا کریں کہ خدا تعالیٰ ہمیں اپنی محبت عطا کرے۔ خدا کی رضا ہمارا مقصود ہو جائے۔ اطاعت اور پیروی میں سب سے آگے بڑھنے والے ہوں۔ اس کے بعد حضور انور نے بعض قرآنی اور مسنون دعائیں بتائیں اور تلقین فرمائی کہ احمدی ان دعاؤں کا ورد کرتے رہیں اور خدا تعالیٰ سے اس کی محبت اور اس کا قرب مانگتے رہیں۔ آخر میں فرمایا کہ اب ہم دعا کرتے ہیں دعا میں اپنے ساتھ تمام جماعت اور جاں نثاروں اور ان کے خاندانوں کو بھی یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان تین دنوں میں ایمان میں ترقی کرنے والا بنائے۔ آمین۔ اس کے بعد حضور انور نے اجتماعی دعا کروائی اور جلسہ گاہ سے تشریف لے گئے۔

ذبیحہ کو آرام پہنچاؤ

حضرت شداد بن اوسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کے متعلق احسان سے کام لینے کا حکم دیا ہے۔ پس جب کسی جانور کو مارنے لگو تو اس میں بھی رحم دلی دکھاؤ اور جب ذبح کرو تو عمدہ طریق سے ذبح کرو۔ اور اپنی چھری تیز کر لیا کرو اور اپنے ذبیحہ کو آرام پہنچاؤ۔

(صحیح مسلم کتاب الصید باب الامر باحسان الذبح حدیث نمبر 3615)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

مکرم حافظ عبدالحمید صاحب

محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب کی یاد میں

1973ء میں ہم تعلیم کی غرض سے ربوہ آ کر آباد ہوگئے۔ اکثر مولانا دوست محمد شاہد صاحب کو ربوہ میں دیکھتے ہمیں بتایا گیا کہ یہ سلسلہ احمدیہ کے بہت بڑے خادم ہیں۔ بعض مواقع پر مصافحہ کا موقع بھی ملا تو محترم مولانا صاحب بہت پیار سے ملتے جیسے ملنے والے کو بہت اچھی طرح جانتے ہوں۔

بعض مواقع پر محترم مولانا صاحب سے ملاقات کے لئے دفتر حاضر ہوجاتا۔ ایسے ہی ایک موقع پر جب خاکسار مدرسۃ الحفظ کا طالبعلم تھا حاضر ہوا اور دعا کی درخواست کی تو آپ اس بات سے بہت خوش ہوئے کہ آپ قرآن مجید حفظ کرنے کی سعادت حاصل کررہے ہیں۔ میں نے آٹوگراف بک پیش کی کہ کوئی نصیحت لکھ دیں تو آپ نے یہ شعر لکھا۔

نہ کیوں ممتاز ہو اسلام دنیا بھر کے دینوں میں
وہاں مذہب کتابوں میں یہاں قرآن سینوں میں

اس طرح میری بہت حوصلہ افزائی فرمائی۔

1976ء میں جب کہ میں مدرسۃ الحفظ کا طالبعلم تھا میری ڈیوٹی نظارت اصلاح وارشاد کی طرف سے پہلی دفعہ نماز تراویح پڑھانے کے لئے واہ کینٹ میں لگائی گئی میری عمر اس وقت تقریباً تیرہ سال تھی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ ڈیوٹی ادا کرنے کی توفیق ملی لیکن چونکہ یہ ڈیوٹی پہلی دفعہ ادا کررہا تھا اس لئے بعض مسائل کی سمجھ نہ آئی۔ رمضان المبارک کے بعد میں محترم مولانا صاحب کے دفتر حاضر ہوا اور مسائل کا ذکر کیا آپ نے حسب معمول بہت ہمدردی سے سمجھایا جس کا بعد میں زندگی میں مجھے بہت فائدہ ہوا۔ ان واقعات سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ آپ جماعت کے ہر فرد کو خواہ اس کی عمر چھوٹی ہو اہمیت دیتے تھے اور اس سے پیار کا سلوک فرماتے تھے۔ اس حوصلہ افزائی سے یقیناً آئندہ زندگی میں بہت فائدہ ہوا۔

انہی دنوں کی بات ہے خاکسار کی والدہ صاحبہ نے ایک پریشان کن خواب بار بار دیکھا تو مجھ سے ذکر کیا میں اس وقت بچہ تھا گھبرا گیا۔ مجھے پتہ نہیں کیا سوجھی کہ محترم مولانا صاحب کے دفتر میں پہنچ گیا کہ ان سے ذکر کروں اب سوچتا ہوں تو حیرانگی ہوتی اور مسئلہ صرف ایک خواب کا۔ خیر میں جب دفتر میں ملنے گیا تو آپ مجھے بہت پیار سے ملے اور میری بات ہمدردی سے سنی اور فرمایا کہ خواب تو واقعی پریشان کن ہے لیکن مجھے سمجھایا کہ دعا اور صدقہ سے اللہ تعالیٰ سے مدد چاہیں اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرمائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور اللہ تعالیٰ نے اپنا فضل فرمایا۔

میٹرک کرنے کے بعد جب میں کچھ عرصہ فارغ تھا تو گول بازار میں واقع اپنے ماموں جان کی کریانہ اینڈ جنرل سٹور کی دکان پر ان کے ساتھ مدد کرواتا تھا محترم مولانا صاحب کے گھر کا سودا سلف ہماری دکان سے ہی جاتا تھا۔ مجھے یاد ہے محترم مولانا صاحب کبھی کبھار خود دکان پر تشریف لاتے بادام اور ایک کمپنی کا ہیئر آئل خریدتے آپ یقیناً یہ اہتمام اس لئے کرتے تاکہ بھرپور انداز میں خدمت دین کرسکیں۔ جب چند بار آپ نے اسی کمپنی کا ہیئر آئل خریدا تو مجھے شوق ہوا چنانچہ میں نے بھی وہ تیل استعمال کرنا شروع کردیا اور آج تک وہی استعمال کرتا ہوں۔

2002ء میں آپ جب جرمنی تشریف لائے تو اس وقت ہم جرمنی میں رہائش پذیر تھے۔ محترم مولانا صاحب جرمنی کے مختلف شہروں میں تشریف لے گئے۔ ایک جمعہ آپ نے کولون میں پڑھایا۔ اس کے بعد آپ کا پروگرام ہمارے شہر ہنوور آنے کا تھا۔ ہمارے ریجنل امیر صاحب نے خاکسار اور مکرم شاہد صاحب کی ڈیوٹی لگائی کہ آپ کو کولون سے کار پر ہنوور لائیں۔ چنانچہ ہم نماز جمعہ سے قبل کولون پہنچ گئے اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ بہت محبت سے ملے۔ نماز جمعہ کے بعد مکرم رانا انور صاحب کے ہاں کھانے کا پروگرام تھا ہم بھی ساتھ تھے آپ نے ہمیں اپنے پاس بٹھایا اور بہت خوشی سے سب دوستوں سے ہمارا تعارف کروایا۔ اسی دوران مکرم شاہد صاحب نے اپنے دادا جان کا ذکر کیا جن کو حضرت مصلح موعود کے زمانہ میں خدمت کا موقع ملا تھا۔ محترم مولانا صاحب نے فوراً اس نام کے دو تین بزرگوں کے بارہ میں تفصیل سے بتایا اور شاہد صاحب سے پوچھا کہ ان میں سے آپ کے دادا جان کون تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو کمال کا حافظہ عطا فرمایا تھا۔ آپ نے بتایا کہ میں اس سے قبل بھی ہنوور آچکا ہوں پھر بعض دوستوں کا نام لے کر ان کا حال دریافت فرمایا۔

کھانے کے دوران گفتگو کرتے ہوئے آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ترجمۃ القرآن کی اہمیت کے بارہ میں بتایا کہ آپ سب اس سے ضرور فائدہ اٹھائیں حضور نے اس کام پر بہت محنت کی ہے۔

کولون سے ہنوور آتے ہوئے آپ نے ہمیں کہا کہ رستہ میں اگر کوئی یادگار یا تاریخی چیز آئے تو ضرور بتائیں اور جرمنی کے بارہ میں مختلف امور پر بات چیت کرتے رہے جس سے آپ کی علم کی پیاس کا پتہ چلتا ہے۔

آپ نے ہمیں بعض لطیفے اور واقعات بھی سنائے اس طرح یہ یادگاری سفر بہت اچھا گزرا۔ اگلے دن دوران گفتگو ایک دوست نے چند کتابوں کا نام لیا کہ یہ یہاں نہیں ملتیں تو آپ نے کہا کہ الماری میں سے کوئی کتاب لائیں وہ کتاب لائے تو اس دوست کو کہا کہ کیا آپ نے یہ کتاب پڑھی ہے انہوں نے کہا کہ نہیں تو آپ نے فرمایا یہ نہ کہیں کہ فلاں کتاب نہیں ملتی جو آپ کے پاس موجود ہیں ان کا تو مطالعہ کریں۔

جماعت نے ایک ہال میں انتظام کیا ہوا تھا جہاں پہلے آپ نے خطاب فرمایا پھر مجلس سوال وجواب ہوئی جب مولانا اس ہال میں جانے لگے تو دیکھا کہ آپ ''رب زدنی علما'' کی دعا پڑھ رہے ہیں۔ آپ اتنے بڑے عالم اور ہزاروں مجالس سوال و جواب کا تجربہ ہونے کے باوجود عاجزی کی یہ حالت کہ اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرکے ہال میں داخل ہورہے ہیں جہاں حاضری صرف چند سو تھی۔

اجلاس کے بعد ایک دوست کے ساتھ محترم ریجنل امیر صاحب نے خاکسار کی ڈیوٹی لگائی کہ آپ کو فرینکفرٹ پہنچائیں۔ چنانچہ یہ سفر بھی یادگار رہا دوران سفر آپ نے ہمیں بہت سے ایمان افروز واقعات سنائے۔

خاکسار نے ایک اخبار کے کالم کا ذکر کیا جس میں ایک غیر از جماعت کالم نگار نے حضور انور کے خطبہ جمعہ کے حوالہ سے تحریر کیا تھا کہ اس سے ہمارے نوجوان بہت متاثر ہورہے ہیں۔ آپ ماشاء اللہ اتنا مطالعہ کرتے تھے اور حوالوں کے بادشاہ تھے۔ لیکن مجھ سے تفصیل سے اس بارہ میں پوچھا اور فرمایا کہ اگر فوٹو کاپی مل سکے تو ضرور بھجوائیں اس سے آپ کی علم کی پیاس کا اندازہ ہوتا ہے کہ آپ کسی بھی حوالہ کی تلاش میں رہتے تھے۔

آپ بچوں سے بھی بہت پیار کرتے تھے۔ رستہ میں ایک جگہ جب ہم چند منٹ کے لئے ایک پٹرول پمپ پر رکے تو آپ اس کے ساتھ ایک چھوٹی سی مارکیٹ میں تشریف لے گئے اور فرمایا کہ میں اپنے نواسے نواسیوں کے لئے کوئی چیز خریدنا چاہتا ہوں تاکہ وہ خوش ہوں پھر مجھ سے مشورہ کیا تو میں نے بتایا کہ ایک چاکلیٹ کا بنا ہوا انڈہ سا ملتا ہے جس کے اندر پلاسٹک کے کچھ پیس ہوتے ہیں چھوٹے بچے چاکلیٹ کھانے کے بعد پلاسٹک کے پیس جوڑ کر کھلونا بنا سکتے ہیں۔ آپ بہت خوش ہوئے اور پھر ہم نے یہ انڈے خریدے۔

رات تقریباً گیارہ بجے ہم بیت السبوح فرینکفرٹ پہنچے آپ کی رہائش کا انتظام بیت السبوح کے اس حصہ میں تھا جہاں حضور دورہ جرمنی کے موقع پر ٹھہرتے ہیں آپ نے فرمایا کہ آپ مجھے اتنی دور سے چھوڑنے کے لئے آئے ہیں اب رات کافی ہوچکی ہے آپ آرام کریں اور صبح واپسی کا سفر کریں۔ چنانچہ آپ نے اپنے ساتھ والے کمرہ میں ہمارا انتظام کروایا۔ اس طرح ہمیں آپ کی شفقت سے یہ سعادت حاصل ہوئی کہ ہم اس مکان میں ایک رات ٹھہریں جہاں خلیفہ وقت رہائش رکھتے ہیں۔ صبح نماز فجر کے بعد آپ نے ہمیں بہت محبت کے ساتھ دعائیں دیتے ہوئے رخصت کیا۔

2005ء میں جرمنی سے واپس پاکستان آنے کے بعد یہاں اور مصروفیات کے علاوہ خاکسار نے شوق سے کچھ کتب شائع کروائیں۔ اسی سلسلہ میں آپ سے بھی ملاقات کی تو آپ نے (اقلیم خلافت کے تاجدار) مسودہ دیا کہ یہ شائع کروائیں چنانچہ میری خوش قسمتی کہ مجھے یہ کتاب شائع کروانے کی توفیق ملی۔ آپ نے تفصیل سے تمام باتیں سمجھائیں۔

فرمایا اگر آپ کتابیں شائع کررہے ہیں تو آپ کے ادارہ کا کوئی نام ہونا چاہئے میں نے عرض کیا کہ ابھی تو کوئی نام نہیں رکھا جب میں اگلے دن حاضر ہوا تو فرمایا رات میں آپ کے ادارہ کا نام سوچتا رہا ہوں چنانچہ آپ نے ''الحافظ پبلیکیشنز'' نام رکھا۔

ان دنوں میں آپ سے بہت سی ملاقاتیں ہوئیں۔ آپ کا حافظہ اس عمر میں بھی ماشاءاللہ بہت اچھا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ آپ میرے ننھیال کو بہت اچھی طرح جانتے ہیں۔ پھر مجھ سے سب کا حال دریافت فرمایا۔

باتوں باتوں میں آپ کے ایک مقالہ کا ذکر ہوا تو دفتر کے ایک دوست کو کہا کہ فلاں سال کا رسالہ خالد لائیں چنانچہ جب رسالہ آیا تو مجھے وہ مقالہ دکھایا اسی طرح اور بھی بہت سے حوالے دکھائے۔ ایک دوست کسی حوالہ کی فوٹو کاپی دینے آئے تو آپ بہت خوش ہوئے اور بار بار ان کا شکریہ ادا کیا۔

کتاب شائع ہوئی تو آپ نے پسندیدگی اور خوشی کا اظہار کیا۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت مولانا صاحب کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

پیارے ابا محترم قاضی محمد رشید بھٹی صاحب مرحوم

ص۔ق بھٹی

موت کا ایک وقت مقرر ہے۔ مخلوقات میں سے کسی کو بھی اس سے استثناء نہیں۔ مبارک ہے وہ جو اپنی زندگی کے اوقات خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کیلئے صرف کرتا ہے اور آخر کار سرخرو ہو کر اپنے مولیٰ کے حضور حاضر ہو جاتا ہے۔ میرے والد صاحب مرحوم و مغفور انہی لوگوں میں سے تھے جنہوں نے مقدور بھر اپنے مقصدِ حیات کو پا لیا اور سورۃ احزاب کی آیت 24 کے مصداق ٹھہرے۔ یعنی جنہوں نے اپنی قربانیوں کو پورا کر دکھایا۔ وفات پا جانے والوں کا یہ حق ہوتا ہے کہ ان کے اچھے کاموں سے ان کو یاد کیا جائے تاکہ دوسروں کیلئے تحریک و تحریص و ترغیب کا باعث ہو۔

خاندانی حالات

ہمارے ابا جان مرحوم خانصاحب قاضی محمد رشید صاحب ریٹائرڈ سویلین گزیٹڈ آفیسر (C.G.O.) و سابق وکیل المال ثانی تحریکِ جدید ربوہ مورخہ 3 ستمبر 1897ء کو موضع حاجی پورہ ضلع سیالکوٹ میں محترم مولوی محمد اعظم انصاری صاحب اور محترمہ سکینہ بی بی صاحبہ کے ہاں پیدا ہوئے۔ آپ کے والدین نے آپ کا نام محمد خورشید رکھا تھا۔ بچپن میں جب انہیں اپنے نام کے معنے معلوم ہوئے تو یہ سوچ کر کے کہ خورشید کے معنے تو سورج ہے اور سورج تو بہت سخت گرم ہوتا ہے تو آپ نے از خود ہی اپنے نام کے پہلے دو حروف یعنی" خو" کو ہٹا دیا۔ طالبعلمی کے زمانہ میں اگر دو طالب علموں کے مابین کوئی لڑائی جھگڑا یا رنجش پیدا ہو جاتی تو نہایت دانشمندانہ فیصلہ کرتے اور فریقین کو بالکل مطمئن کرا دیتے اس لئے طالب علموں میں قاضی کے نام سے مشہور ہو گئے۔

آپ چھ بہن بھائیوں (چار بھائی اور دو بہنوں) میں سب سے بڑے تھے۔ مکرم مولانا محمد سعید انصاری صاحب مرحوم مربی سلسلہ بورنیو، ملائیشیا، سنگاپور، انڈونیشیا آپ کے سب سے چھوٹے بھائی تھے۔ آپ نے پرائمری تک تعلیم موضع منڈی کرال ضلع گورداسپور میں حاصل کی۔

میرے دادا جان حکیم تھے اسی نسبت سے حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل سے ان کے ذاتی تعلقات تھے۔ اس لئے انہوں نے ابا جان کو مزید تعلیم کے لئے قادیان بھجوا دیا۔ جہاں انہیں چھٹی جماعت سے لے کر نویں جماعت تک تعلیم حاصل کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ یہیں سے احمدیت ان کے دل میں رچ بس گئی۔ ابا جان قرآنِ کریم کے بچپن سے ہی عاشق تھے۔

میرے بڑے بھائی صاحب سے ابا جان نے بیان کیا کہ جب آپ تعلیم الاسلام ہائی سکول قادیان میں داخل ہوئے تھے تو آپ کی رہائش قادیان کے ایک قریبی گاؤں ڈلّہ میں تھی۔ ان دنوں حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل نوجوانوں کیلئے قرآنِ مجید کا ایک درس (جسے عرفِ عام میں " میاں عبدالحیٔ والا درس" کہا جاتا تھا) بیت اقصیٰ قادیان میں نمازِ عصر کے بعد دیا کرتے تھے۔ میرے والد صاحب تو خود اس درس میں شامل نہ ہو سکتے تھے کیونکہ انہیں تو اپنے رہائشی گاؤں ڈلّہ پہنچنا ہوتا تھا۔ اس لئے وہ چھٹی ہونے پر اپنا بستہ ڈیسک کے اندر رکھ کر خالی ہاتھ گاؤں کی طرف پیدل روانہ ہو جاتے۔ صاحبزادہ میاں عبدالحیٔ صاحب آپ کے کلاس فیلو تھے اور وہ جانتے تھے کہ میرے والد صاحب کا ہینڈ رائٹنگ بہت اچھا ہے اس لئے میاں صاحب اپنے درس کے نوٹس والد صاحب سے فیئر کرایا کرتے تھے جس کی وجہ سے ابا جان حافظہ اچھا ہونے کے باعث درس میں بذاتِ خود شامل نہ ہوتے ہوئے بھی پوری طرح مستفید ہوتے رہے۔

والد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ درس میں شامل ہونے والوں نے تو درس کا شائد اتنا فائدہ نہ اٹھایا ہو جتنا میں نے درس کے نوٹس کو خوشخط لکھنے میں اٹھایا ہے۔ اس درس کی برکت سے ابا جان کی قرآنِ کریم سے یہ محبت آخری دم تک قائم رہی۔ جب وہ نویں کلاس میں تھے تو بیمار ہو گئے۔ بعد میں میٹرک کا امتحان جو اُن دنوں " انٹرنس" کہلاتا تھا پرائیویٹ طور پر لاہور سے پاس کیا۔ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے آپ کو غیر معمولی بصیرت اور بہت زرخیز حافظہ عطا فرمایا تھا۔ انہیں حضرت مسیحِ موعود کا عربی قصیدہ" یَا عَیْنَ فَیْضِ اللّٰہِ وَ الْعِرْفَانِ" کے تمام اشعار زبانی یاد تھے اور وہ عموماً رات سونے سے پہلے دہرایا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے 1911ء میں محض چودہ سال کی عمر میں حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کے ہاتھ پر اپنے والدین سے پہلے ہی بیعت کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔

خلافت سے وابستگی اور جماعتی خدمات، اعزازات

ابا جان حضرت خانصاحب مولوی فرزند علی صاحب کے توسط سے محکمہ آرڈیننس میں بھرتی ہو گئے۔ فیروز پور (انڈیا) سے ملازمت کا آغاز کیا اور رفتہ رفتہ ترقی کرتے ہوئے سویلین گزیٹڈ آفیسر کے عہدہ سے ریٹائر ہوئے۔ آپ نے 1944ء میں ہی اپنے آپ کو وقف کیلئے پیش تو کر دیا تھا لیکن حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے فرمایا کہ ابھی اپنی سروس مکمل کریں۔

1945ء میں دورانِ ملازمت برٹش گورنمنٹ نے آپ کو" خان صاحب" کا خطاب مع تمغہ دیا۔ اپنی ملازمت کے دوران آپ نے راولپنڈی، کوئٹہ، اور پونا (انڈیا) میں بطور امیر جماعت اور نوشہرہ میں نائب امیر جماعت نہایت شاندار خدمات سرانجام دینے کی سعادت پائی۔ چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ایک موقعہ پر قادیان میں جمعہ پر اور ایک دفعہ جلسہ سالانہ پر ان الفاظ میں اظہارِ خوشنودی فرمایا کہ

’’عہدیدار کے لئے یہ ضروری ہے کہ اس کے اندر پابندی کرانے کا مادہ ہو، وہ ڈرپوک نہ ہو۔ ایک دفعہ میں راولپنڈی گیا۔ 33ء کی بات ہے اس سال میری بیوی سارہ بیگم فوت ہوئی تھی۔ راولپنڈی میں میرے سالے ڈاکٹر تقی الدین احمد صاحب بھی جو اس وقت فوج میں غالباً میجر تھے اور راجہ علی محمد صاحب تھے جو اس وقت افسر مال تھے اور جماعت کا امیر ایک کلرک تھا۔ مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ اس امیر نے ایسا انتظام کر رکھا تھا کہ اگر وہ کہتا کھڑے ہو جاؤ تو یہ لوگ کھڑے ہو جاتے اگر کہتا کہ بیٹھ جاؤ تو بیٹھ جاتے گو اس کا انتخاب بطور امیر اتفاقاً ہو گیا وہ پہلے امیر منتخب ہو چکا تھا اور راجہ علی محمد صاحب اور ڈاکٹر تقی الدین احمد صاحب بعد میں راولپنڈی گئے بہرحال اس نے اپنے انتخاب کی عزّت کو قائم رکھا اور اپنے سے بڑے درجہ کے لوگوں کو بھی پابندِ نظام بنا لیا۔‘‘

(مشعل راہ جلد اوّل۔ صفحہ 686)

ہمارے والد محترم کو راولپنڈی کے چوتھے امیر ہونے کا اعزاز حاصل ہے اور یہاں آپ کا عرصہء امارت 35-1932ء ہے۔ ضلعی امارتوں کے قیام کے بعد آپ راولپنڈی کے پہلے ضلعی امیر مقرر کئے گئے۔ بعد میں کیمبل پور (موجودہ اٹک) کو بھی آپ کی راہنمائی میں راولپنڈی کی ضلعی امارت سے منسلک کر دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بے پناہ انتظامی صلاحیتیں عطا فرمائی تھیں۔ ابا جان سویلین گزیٹڈ آفیسر کے عہدہ سے 24 دسمبر 1952ء کو نوشہرہ ضلع پشاور سے ریٹائر ہوئے۔ ربوہ میں اپنا گھر بنوایا اور وکیل المال ثانی کے طور پر کئی سال تک خدمت کی توفیق پائی۔ الحمد للہ مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیلِ اعلیٰ تحریکِ جدید ربوہ نے ابا جان کی وفات کے موقع پر میرے بڑے بھائی جان سے اس بات کا اظہار کیا کہ انہوں نے ابتدائی مال سے متعلق تربیت آپ کے والد صاحب سے حاصل کی۔ آپ اللہ تعالیٰ کے فضل سے 1/3 حصہ کے موصی تھے اور آپ کا وصیت نمبر 1535 تھا۔ دوسرے چندہ جات میں بھی بھرپور حصہ لیتے تھے۔ تحریکِ جدید کے پانچ ہزاری مجاہدین میں نہ صرف خود شامل ہوئے بلکہ اپنے اہل وعیال، والدین اور ہمشیرہ کو بھی اس مبارک تحریک میں شامل کیا اور تا دمِ آخر ان سب کی طرف سے بھی چندہ ادا کرتے رہے۔ تنخواہ ملتی تو سب سے پہلے چندہ جات کی رقوم علیحدہ رکھ لیتے پھر باقی ماندہ رقم سے گھر کا خرچ چلاتے۔ اس ضمن میں انہیں ہماری والدہ محترمہ کا پورا پورا تعاون حاصل رہا۔

تحریکِ جدید کا دفتر اوّل 1934ء سے شروع ہو کر جب دس سال بعد 1944ء میں ختم ہونے لگا تو اپنی سب سے چھوٹی بیٹی عزیزہ قانتہ شاہدہ اہلیہ مکرم عطاء المجیب راشد صاحب امام بیت فضل لنڈن جن کی ولادت 2 فروری 1944ء میں ہوئی، ان کا دس سال کا چندہ اکٹھا ادا کر کے اُنہیں بھی دفتر اوّل میں شامل کروا لیا۔ میرا خیال ہے کہ عزیزہ قانتہ سلّمہا پنج ہزاری مجاہدین تحریکِ جدید کی اس فہرست میں غالباً سب سے کم عمر ممبر ہیں۔ (یہاں میں یہ سمجھتی ہوں کہ اس چندہ کی برکت سے ہی ہماری اس بہن کو اللہ تعالیٰ نے بہت سی جماعتی خدمات و اعزازات سے نوازا ہے) اسی طرح اپنے سات بچوں کو دفتر اوّل کا ممبر بنایا۔

آپ مرکز سے موصولہ ہر حکم اور تحریک پر عمل کرنے کیلئے ہر دم کمربستہ رہتے۔ یہ نومبر 1941ء کی بات ہے جبکہ جنگِ عظیم دوم ابھی ختم نہیں ہوئی تھی اور ابا جان اپنی ملازمت کے سلسلہ میں بمبئی (حال ممبئی) میں مقیم تھے اور مولوی محمد دین صاحب شہید مربی البانیہ جس بحری جہاز میں بمبئی سے روانہ ہوئے تھے وہ جہاز دو تین دن بعد ہی ڈوب گیا۔ جو لوگ زندہ بچے انہیں بمبئی لایا گیا۔ چنانچہ مولوی صاحب موصوف کی گواہی کی تصدیق و تحقیق کا کام حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ابا جان کے سپرد کیا۔ انہوں نے اس حادثہ سے زندہ بچ جانے والے لوگوں سے رابطہ قائم کر کے ایک عینی شاہد سے گواہی لے کر حضور کی خدمت میں قادیان رپورٹ بھجوائی تھی۔ مکرم احمد علی صاحب آف راولپنڈی اپنے ایک مضمون میں (جو 16/اپریل 1966ء کے روزنامہ الفضل ربوہ میں شائع ہو چکا ہے) بیان کرتے ہیں کہ:

’’1941ء میں جب خان صاحب خرطوم (سوڈان) میں جنگِ عظیم دوم کے دوران مقیم تھے تو وہاں آپ کے خلاف کسی مخالف نے رپورٹ کر دی کہ یہ ایک ایسے گروہ سے تعلق رکھتے ہیں جو حکومتِ برطانیہ کے خلاف سازشیں کرتا رہتا ہے۔ تقریباً دوصد صفحات کی فائل کا پلندہ جب پولیس ان کے انگریز افسر کے پاس لے کر آئی تو اس انگریز افسر نے پولیس کو تو واپس بھجوا دیا اور اپنی طرف سے قاضی محمد رشید صاحب کے متعلق نہایت شاندار الفاظ میں رپورٹ لکھی کہ جن لوگوں کے متعلق اس رپورٹ میں ذکر ہے وہ گورنمنٹ کے حقیقی خیر خواہ ہیں اور حکومت کے اہم ذمّہ داری کے کاموں کی روحِ رواں ہیں۔ قاضی محمد رشید میرا ڈیوٹی کلرک ہے۔ اس کے متعلق میں اتنا جانتا ہوں کہ میں نے اپنی ساری سروس کے دوران جو میں نے ہندوستان میں کی ہے اس سے زیادہ پکا اور سچا......نہیں دیکھا۔‘‘

مکرم احمد علی صاحب مرحوم آف راولپنڈی نے آپ کے متعلق اسی مضمون میں لکھا کہ:۔

" ایک دفعہ (غالباً 1951ء میں) نوشہرہ میں ہماری جماعت کے خلاف مخالفین نے ایک جلسہ منعقد کرنے کا پروگرام بنایا۔ باہر سے ان کے مولوی بھی آ گئے اور نہایت اشتعال انگیز اشتہارات شہر میں چسپاں کر دئے گئے۔ جلسہ سے ایک روز قبل جماعت کے سرکردہ افراد حکامِ بالا سے ملے بھی مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ شام کو میں جناب خانصاحب کی خدمت میں گیا اور آپ کو سارا واقعہ سنایا۔ آپ نے فرمایا اگر ابھی کوئی اور بالا افسر رہتا ہو تو پہلے اس سے مل لو۔ میں نے عرض کیا اب اور کس سے ملیں؟ فرمایا ان دنیاوی افسروں سے

بالا ایک اور ہستی بھی ہے جسے علیم و خبیر کہتے ہیں اس سے کیوں نہیں ملتے؟ پھر فرمایا: ۔

آپ تمام احباب جماعت کے پاس میری یہ درخواست لے کر جائیں کہ جس جگہ مخالفین جلسہ کرنا چاہتے ہیں آج رات میں وہاں تہجد کی نماز پڑھوں گا۔ اگر دوست با جماعت تہجد میں شریک ہونا چاہیں تو رات دو بجے وہاں آجائیں۔ تقریباً چالیس احباب نے محترم جناب خانصاحب کی معیت میں نمازِ تہجد نہایت خشوع و خضوع سے ادا کی۔ اور سچ تو یہ ہے کہ جماعت میں روحانیت کی ایک رَو جو بجلی سے بھی زیادہ تیز تھی آگئی۔ خدا کا کرنا ہوا کہ اگلے روز صبح سویرے ہی حکومت کی طرف سے ہر قسم کے جلسہ جلوس پر پابندی عائد کر دی گئی۔

اپنے اسی مضمون میں مکرم احمد علی صاحب مزید بیان کرتے ہیں کہ 1936ء کا ایک واقعہ مکرم چوہدری عبدالرشید خان صاحب نے انہیں بتایا کہ کوئٹہ میں زلزلہ کے بعد حکومت بلوچستان نے تمام محکموں کے نام ایک حکم نامہ بھیجا جس میں تحریر تھا کہ کوئٹہ میں زلزلہ کی وجہ سے جو نقصان ہوا ہے حکومت کو مسلمانوں کے متعلق بہت فکر ہے۔ دیگر قوموں میں تو کوئی شرعی قانون نہیں ہے مگر مسلمانوں کے ہاں شرعی قانون موجود ہے اس لئے تشویش ہے کہ کوئی بے انصافی نہ ہو جائے۔ اس لئے کسی بہترین عالم کی ضرورت ہے جو نہ صرف شرعی قانون سے واقف ہو بلکہ حکومت کی اس اہم معاملہ میں صحیح رہنمائی بھی کر سکے۔ کوئٹہ میں جو انگریز کرنل ڈیپو کے کمانڈنگ آفیسر تھے انہوں نے قاضی صاحب موصوف کا نام بغیر ان سے مشورہ کئے پُر زور سفارش کے ساتھ پیش کر دیا۔ چنانچہ آپ حکومت کی طرف سے اس اہم کام کی انجام دہی کے لئے مقرر کر دئے گئے۔ اس طرح اباجان کو خدا تعالیٰ کے فضل سے مسلمانوں کی خدمت کا ایک زرّیں موقع مل گیا۔

احمد علی صاحب کے پاس چودھری عبداللہ خان صاحب آف راولپنڈی نے بیان کیا کہ ایک بار کوئٹہ میں جماعت نے سیرۃ النبی ﷺ کا جلسہ منعقد کیا۔ جس میں بہت سے غیر از جماعت پٹھان بھی شریک ہوئے۔ اگرچہ دیگر مقررین کی تقاریر بھی بہت عمدہ تھیں مگر قاضی صاحب کی تقریر میں ایک خاص چاشنی تھی جس کا اثر یہ ہوا کہ جلسہ کے ختم ہوتے ہی پٹھانوں نے انہیں گھیر لیا۔ کوئی پاؤں کو چھوتا کوئی گھٹنوں کو اور ساتھ ساتھ یہ مطالبہ بھی کرتے جاتے "آقا تعویذ، آقا تعویذ!" مگر قاضی صاحب جواباً یہی کہتے رہے بھئی جانے دو۔ ہم تعویذ وغیرہ نہیں دیتے ہم تو صرف دعا کرتے ہیں۔

اباجان کی خلافت سے وابستگی کی ایک مثال پیش کرتی ہوں۔ حضرت مصلح موعود جو مولانا نور الحق صاحب (ابوالمنیر) کے رشتہ کیلئے کئی احباب کو تحریک کر چکے تھے لیکن کوئی بات بن نہ سکی۔ اس پر حضرت مصلح موعود نے 1944ء میں میری بڑی ہمشیرہ مکرمہ صفیہ صدیقہ صاحبہ کا رشتہ مولانا ابوالمنیر نور الحق صاحب کے ساتھ از خود تجویز فرمایا تھا اور مولوی صاحب موصوف سے فرمایا تھا کہ اب میں آپ کے رشتہ کیلئے ایک ایسے شخص کو لکھوں گا جو انکار کرنا نہیں جانتا اور میرے پسینہ کی جگہ اپنا خون بہانا جانتا ہے۔

اباجان اس وقت اپنی ملازمت کے سلسلہ میں سکندر آباد دکّن میں مقیم تھے۔ حضور نے اباجان کو رشتہ کے بارہ میں لکھا اور مولوی صاحب کا ذکر کرتے ہوئے پوچھا کہ کیا آپ اس شخص کو جانتے ہیں؟ اباجان نے نہایت فدائیت کے رنگ میں جواب دیا کہ:

"میں نہ اُس شخص کو جانتا ہوں اور نہ ہی مجھے جاننے کی کوئی ضرورت ہے۔ میں تو صرف اپنے مُرشد کو جانتا ہوں۔"

اس طرح یہ رشتہ خلیفۂ وقت کے ہاتھوں دعاؤں سے طے ہوا اور بہت بابرکت ثابت ہوا۔

اباجان احمدیت کے فدائی اور بہت دعا گو بزرگ تھے۔ دعوت الی اللہ کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے۔ زندگی بھر دین کو دنیا پر مقدم رکھا۔ خدمتِ خلق کے جذبہ سے سرشار نہایت متوکل انسان تھے۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد۔ دونوں کا بہت خیال رکھتے تھے۔ والدین کے نہایت فرمانبردار، رشتہ داروں سے صِلہ رحمی کرنے والے اور مہمان نواز تھے۔

شادی اور اولاد

آپ کی شادی حضرت مولوی محمد عبداللہ صاحب بوتالوی اور محترمہ امتہ العزیز صاحبہ (دونوں رفقاء حضرت مسیح موعود تھے) کی بڑی صاحبزادی محترمہ امتہ الحمید بیگم صاحبہ سے 1919ء میں ہوئی تھی۔ (انہیں حضرت مسیح موعود کی متبرک لسی پینے کا اعزاز حاصل تھا۔ نیز لوائے احمدیت کیلئے سُوت کات کر دھاگہ بنانے کی سعادت بھی حاصل ہوئی۔)

آپ کا نکاح حضرت مصلح موعود نے حج کے روز بیت مبارک قادیان میں پڑھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس جوڑے کو دس بچوں سے نوازا۔ ایک بچہ صِغر سنی میں فوت ہو گیا اور ایک شادی شدہ اکیس سالہ بیٹی محترمہ رضیہ عفیفہ صاحبہ اہلیہ مکرم خالد ہدایت بھٹی صاحب لاہور جنوری 1954ء میں ایک سوا سال کا بچہ چھوڑ کر داغ مفارقت دے گئیں۔ یہاں میں دعا کی تحریک کی غرض سے اپنے دادا جان مرحوم و مغفور مولوی حکیم محمد اعظم انصاری صاحب کا ذکر کرنا بھی بہت ضروری خیال کرتی ہوں۔ جو اپنے پہلے پوتے مکرم مبارک احمد انصاری صاحب کی ولادت کے دن سے لے کر اپنی وفات تک نہایت التزام سے ان کے لئے روزانہ دو نفل ادا کرتے رہے اور کبھی ناغہ نہ ہونے دیا۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بہت بہت بلند کرے۔ آمین

ہمارے اباجان بچوں کی تعلیم اور تربیت کا خاص خیال رکھتے تھے۔ باوجود پنجابی ہونے کے آج سے تقریباً 83 سال قبل اپنے بچوں کو اردو زبان سکھائی تاکہ تعلیم حاصل کرنے اور حضرت مسیح موعود کی کتب پڑھنے اور سمجھنے میں آسانی رہے اور کھیل ہی کھیل میں ہم بچوں کو عِلْم الاَعْدَاد بھی سکھا دیا۔ الغرض بچوں کی تربیت اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت عمدہ رنگ میں کرنے کی توفیق پائی۔ گھر میں دینی ماحول دیا۔ اعلیٰ تعلیم دلوائی اور آٹھ بچوں کی وصیت اپنی زندگی میں کروائی اور اپنے چھوٹے بیٹے سے کہا جب تمہاری عمر اٹھارہ سال ہو جائے تو پھر تم بھی وصیت کر لینا۔ (چنانچہ ایسا ہی کیا گیا) آپ کہا کرتے تھے کہ ہم جماعت کا بوجھ اُٹھانے کیلئے پیدا کئے گئے ہیں جماعت پر بوجھ ڈالنے کیلئے نہیں۔

آپ کی خواہش تھی کہ آپ کے سب بیٹے واقفِ زندگی ہوں۔ دو بیٹے تو ان کی زندگی میں ہی حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے دورِ خلافت میں وقف میں آچکے تھے۔ دو بعد میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے دَور میں آئے۔ اسی طرح آپ کے تین داماد مکرم مولانا ابوالمنیر نور الحق صاحب (مدفون بہشتی مقبرہ ربوہ)، مکرم لطف الرحمٰن شاکر صاحب ریٹائرڈ لیبارٹری ٹیکنیشن فضل عمر ہسپتال ربوہ (حال مقیم جرمنی) اور مکرم مولانا عطاء المجیب راشد صاحب (امام بیت فضل لنڈن) بھی واقفِ زندگی ہیں۔

یہاں خاکسار اپنے سب بھائیوں کے وقف سے متعلق کچھ ایمان افروز باتیں مختصراً بیان کرنا ضروری سمجھتی ہے۔ 1954ء میں جبکہ ہمارے اباجان ربوہ میں وکیل المال ثانی تحریکِ جدید تھے تو آپ نے ایک روز حضرت خلیفۃ المسیح الثانی سے ذکر کیا کہ میرے بڑے بیٹے (محترم مبارک احمد انصاری صاحب) ایم۔ ایس سی کر چکے ہیں اور عزیز نے 1944ء سے وقف کیا ہوا ہے تو حضور نے فرمایا: بیٹے کو صبح میرے پاس بھیج دیں۔ حضور نے خود ان کا انٹرویو لیا اور کچھ سوالات پوچھے۔ پہلا سوال یہ تھا کہ کیا انہیں پڑھانے میں دلچسپی ہے؟ جس کا جواب بھائی صاحب نے یہ دیا "نہیں"، اس کے بعد دونوں کچھ دیر خاموش رہے۔ بھائی جان نے اپنے جواب کو مناسب نہ سمجھتے ہوئے اپنے آپ پر بارِ گراں جانا اور نہ ہی اس سکوت کو توڑنے کی جرأت ہوئی۔ کچھ دیر کے بعد حضور نے خود اس خاموشی کو توڑا اور فرمایا کہ اگر آپ کو پڑھانے کا کام دیا جائے تو کیا آپ اس میں دلچسپی پیدا کریں گے؟ بھائی جان نے سُکھ کا سانس لیا اور کہا "جی۔ میں ہر طرح سے کوشش کروں گا" چنانچہ حضور نے اگلے روز کالج میں ڈیوٹی پر حاضر ہونے کا ارشاد فرمایا اور وہ حاضر ہو گئے اور کام شروع کر دیا۔ 1956ء میں آپ کے دوسرے بیٹے (محترم رفیق احمد ثاقب صاحب) نے بھی ایم ایس سی کر لی تو آپ نے حضور کو اس کی اطلاع دیدی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے حضرت مرزا ناصر احمد صاحب (جو اس وقت ٹی آئی کالج ربوہ کے پرنسپل تھے) سے فرمایا: کہ قاضی صاحب کا دوسرا بیٹا جو واقفِ زندگی ہے تعلیم سے فارغ ہو چکا ہے۔ نیز یہ بھی فرمایا کہ یہ ایک مخلص گھرانے کا مخلص نوجوان ہے اور ایم ایس سی کر کے آیا ہے۔ چنانچہ ان کی بھی اسی کالج میں تقرری ہوگئی۔ تیرہ سال بعد انہیں کانو، نائیجیریا (ویسٹ افریقہ) بھجوا دیا گیا جہاں اُنہیں تقریباً بیس سال کام کرنے کا موقعہ ملا۔

1968ء میں تیسرے بیٹے (عزیزم منیر احمد منیب صاحب) اپنی تعلیم کی تکمیل کے بعد از خود حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی جلسہ سالانہ کی تقریر میں تحریک کے نتیجہ میں وقف کے لئے پیش ہوگئے جنہیں قبول کر لیا گیا۔ اور انہیں کمپالہ، یوگنڈا (مشرقی افریقہ) میں پہلے تو بطور سائنس ٹیچر اور بعد میں بطور پرنسپل کام کرنے کا موقعہ ملا۔ چوتھے بیٹے ڈاکٹر لئیق احمد انصاری صاحب نے 1974ء کے فسادات کے بعد نشتر میڈیکل کالج ملتان سے ایم بی بی ایس پاس کر کے اپنی تعلیم مکمل کی (فسادات کی وجہ سے کچھ حصّہ امتحان کا جو رہ گیا تھا اس کی تکمیل بہاولپور اور لاہور سے کی) حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ایک مرتبہ بڑے بھائی جان (مبارک احمد انصاری صاحب) کو پیغام بھیجا کہ وہ حضور سے ملیں۔ جب ملاقات ہوئی تو حضور نے فرمایا کہ آپ کے چھوٹے بھائی ڈاکٹر لئیق احمد انصاری ڈاکٹر بن چکے ہیں آپ ان کو ترغیب دلائیں کہ وہ نصرت جہاں سکیم کے تحت کم از کم تین سال کیلئے اپنی زندگی وقف کریں کیونکہ جماعت کو مغربی افریقہ کیلئے ڈاکٹروں کی بہت ضرورت ہے۔ چنانچہ عزیزم لئیق احمد انصاری صاحب نے تین سال کے لئے وقف کر دیا۔ انہیں گیمبیا بھجوا دیا گیا۔ تین سال گزرنے کے بعد حضور نے عزیز کو لکھا کہ میں چاہتا ہوں کہ آپ اور تین سال کیلئے وقف کر دیں۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ مزید تین سال گزارنے کے بعد عزیز نے از خود پوری عمر کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیا۔

اس جگہ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ جب 1966ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے عورتوں اور بچیوں کو بھی وقف زندگی کی تحریک فرمائی تو ہماری سب سے چھوٹی بہن عزیزہ قانتہ شاہدہ نے شادی سے قبل از خود زندگی وقف کرنے کی توفیق پائی۔ یہ بھی ہمارے اباجان مرحوم کی نیک تربیت کا ایک پھل ہے۔

اباجان قرآنِ کریم کے عاشق تھے۔ بہت کثرت سے پڑھتے اور پڑھاتے۔ آخر عمر میں چند ریٹائرڈ دوستوں کے ساتھ جن میں حضرت شیخ فضل احمد بٹالوی صاحب (جو مکرم مولانا لئیق احمد طاہر صاحب، سابق پرنسپل جامعہ احمدیہ یو کے کے والد اور مکرم محمود احمد ملک، مرتب ہفت روزہ الفضل ڈائجسٹ لندن کے دادا جان تھے)، محترم حاجی ملک محمد عبداللہ صاحب سابق نائب ناظر مال ربوہ، محترم خواجہ عبید اللہ صاحب انجینئر (جو خالدِ احمدیت مولانا جلال الدین شمس صاحب کے خسر تھے) اور چند اور احباب بھی شامل ہو جاتے اور مل بیٹھ کر قرآن کریم کے معانی پر غور کرتے تھے۔

یہ 20 جنوری 1971 کا واقعہ ہے (جبکہ ہمارے اباجان کی وفات ہو چکی تھی) کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ہمارے تیسرے بھائی عزیزم منیر احمد منیب کی شادی میں (جو امتہ الحکیم لئیقہ بنت مولانا ابو العطاء صاحب سے ہوئی) بنفسِ نفیس شامل ہوئے۔ اُن کے گھر پر "بیت العطاء" لکھا ہوا دیکھ کر ساتھ والے گھر یعنی ہمارے والد صاحب کے گھر کی نسبت اشارہ کر کے فرمایا کہ اس گھر کا نام "بیت الوفا" ہونا چاہئے۔

علمی و ادبی ذوق

ابا جان کو علمی ذوق بہت تھا۔ اُردو، انگریزی، ہندی، عربی اور فارسی پر عبور حاصل تھا۔ اور ان زبانوں میں بہت اچھی اچھی نظمیں بھی لکھیں۔ ابا جان کی اردو کی ایک طویل نظم میں سے کچھ منتخب اشعار نمونۃً پیش کر رہی ہوں جو انہوں نے 1959ء میں اپنے پہلے پوتے عزیزم مبشر احمد شہاب حال کینیڈا کی تیسری سالگرہ کے موقع پر کہی تھی۔

حمد و ثنا اسی کو جو صانعِ جہاں ہے
صنعت ہے اس کی ظاہر صانع مگر نہاں ہے
اک وقت تھا کہ بچہ کوئی نہ اپنے ہاں تھا
وحشت کدہ وہی اب پُر رونق آشیاں ہے
ماضی کی تلخیاں سب تُو نے بُھلا دیں
یارب ان کی بجائے لب پہ اک میٹھی داستاں ہے
اولاد پہلے دی پھر اولادِ نافلہ دی
لبریز قلب میرا از شکر و امتناں ہے
ابا کا سایہ سر پر اس کے رہے خدایا
یا رب بہو سلامت پوتے مِرے کی ماں ہے
ماں باپ خوشیاں دیکھیں اور ان کے والدیں بھی
ہو سب پہ فضلِ ربی جو حرزِ بیکساں ہے

